**17.08.2026**

**21.15 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ............شبانہ بیگم

**Music**

---------------------------------

☆ وزیرِ داخلہ امت شاہ نے کہا ہے کہ یومِ آزادی سے قبل ISI کی حمایت والے شہزاد بھٹی دہشت گرد نیٹ ورک کو تباہ کردیا گیا۔ جناب شاہ نے کہا کہ حکومت نے اِس نیٹ ورک کے 200 سے زیادہ کارندوں کو گرفتار بھی کیا ہے۔

☆ حکومت نے الیکٹرانکس کل پرزوں کی مینوفیکچرنگ اسکیم، ECMS کے تحت تقریباً سات ہزار 900 کروڑ روپے مالیت کی 31 نئی تجاویز کو منظوری دی ہے۔

☆ وزیرِ تعلیم پرلہاد جوشی نے امتحانی اصلاحات کے موضوع پر سینئر افسران کے ساتھ میٹنگ کی۔ وزیرِ تعلیم نے سبھی امتحانات کے طریقۂ کار کا جامع آڈٹ کرنے کی نیشنل ٹسٹنگ ایجنسی کو ہدایت دی۔

☆ BJP نے پارٹی عہدیداروں کی نئی قومی ٹیم کا اعلان کیا ہے۔ پیوش گوئل، اسمرتی ایرانی اور وسوندھرا راجے سندھیا ٹیم میں شامل اہم نام ہیں۔

☆ قطر میں رہائش پذیر بھارتی اب ڈاک خانوں کے ذریعے UPI سے اپنے گھر رقم بھیج سکتے ہیں۔

☆ اور مردوں کے کرکٹ میں، Galle ٹسٹ کی پہلی اننگز میں بھارت نے سری لنکا کو 284 رَن تک محدود کرتے ہوئے 178 رَن کی سبقت حاصل کرلی ہے۔

---------------------------------

**Music**

اب خبریں تفصیل سے......

***Rev Shah Terror Network***

مرکزی وزیرِ داخلہ امت شاہ نے اطلاع دی ہے کہ وزیرِ اعظم نریندر مودی کی قیادت میں حکومت نے یومِ آزادی سے قبل ISI کی حمایت والے دہشت گرد گروپ شہزاد بھٹی نیٹ ورک کو تباہ کردیا ہے۔ جناب شاہ نے بتایا کہ حکومت نے اس گروپ کے 200 سے زیادہ کارندوں کو گرفتار کرتے ہوئے، اُن کے ممکنہ حملوں کے منصوبوں کو بھی ناکام کردیا ہے۔ سوشل میڈیا پوسٹ میں، جناب شاہ نے کہا کہ سکیورٹی فورسز نے 14 ریاستوں کے مختلف مقامات پر تال میل پر مبنی کارروائیاں انجام دیتے ہوئے، اِس نیٹ ورک کو تباہ کردیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ دہشت گردی کو ہرگز برداشت نہ کرنے کے بھارت کے عزم کی عمدہ مثال ہے۔

پیش ہے ایک رپورٹ ...

**VC - Anand Kumar - Rev Shah Terror Network**

سکیورٹی ایجنسیوں نے اِس مہینے کی 12 تاریخ کو ریاستی پولیس فورسز کے ساتھ مل کر کئی ریاستوں میں تال میل پر مبنی آپریشن کے ذریعے حقیقی وقت پر مبنی انٹلی جنس کے اشتراک کی بناء پر شہزاد بھٹی نیٹ ورک کے خلاف کارروائی انجام دی۔ یہ نیٹ ورک یومِ آزادی کے آس پاس خلل ڈالنے کی کوشش کررہا تھا۔ اس آپریشن کے دوران 14 ریاستوں سے تقریباً 200 سے زیادہ افراد کو گرفتار کیا گیا، جن میں اترپردیش سے 62، ہریانہ سے 52، دلّی سے 51 اور پنجاب سے 44 افراد شامل ہیں۔ ISI کی مالی اعانت والے اِس گروپ سے IED، پاکستان آرڈیننس فیکٹری کے نشان والے گرینیڈ، پستول، زندہ کارتوس اور جاسوسی کیلئے استعمال کئے جانے والے CCTV کیمرے برآمد کئے گئے۔ یہ نیٹ ورک مختلف دہشت گردانہ سرگرمیوں میں ملوث تھا۔ شہزاد بھٹی نیٹ ورک، پاکستان میں مقیم ISI کی حمایت والا دہشت گرد گروپ ہے، جو بھارت میں گرینیڈ، IED، پیٹرول بم حملوں اور Targeted Killings میں ملوث تھا۔ شہزاد بھٹی نیٹ ورک، پولیس، دفاعی تنصیبات اور مذہبی مقامات کی Recce کیلئے مقامی کارندوں کو رقم ادا کرتا تھا تاکہ وہ جاسوسی کیلئے CCTV کیمرے نصب کرسکیں۔ شہزاد بھٹی نیٹ ورک معاملے میں اب تک 80 سے زیاہ FIR درج کی جاچکی ہیں اور 200 سے زیادہ گرفتاریاں عمل میں آئی ہیں۔

دلّی سے آنند کمار کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں ضمیر رضوی

## ***Har Ghar Tiranga Culminate***

ہر گھر ترنگا مہم آج اختتام پذیر ہوئی۔ ہر گھر ترنگا مہم کے پانچویں سال نے ایک طرف، جہاں ترنگے کو لاکھوں بھارتیوں کے دلوں سے جوڑا، وہیں سرحد پار بھارتی بھی ترنگا لہرانے، ترنگا یاتراؤں میں شامل ہونے اور وندے ماترم گانے کیلئے یکجا ہوئے۔ ملک گیر پیمانے پر منائی گئی اِس مہم نے شہریوں میں حب الوطنی کے جذبے کو جگایا، قومی یکجہتی کو مستحکم کیا اور بھارت کے ثقافتی ورثے کو فروغ دیا۔ سال 2022 میں شروع ہوئی ہر گھر ترنگا مہم، عوامی شمولیت والی ملک کی سب سے بڑی تحریکوں میں سے ایک کے طور پر ابھری ہے۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے ...

**VC - Aman - Har Ghar Tiranga**

اس سال ہر گھر ترنگا مہم، بھارت کے قومی گیت، وندے ماترم کے 150 سال کی تکمیل سے منسوب رہی۔ اس مہم نے حب الوطنی کے منفرد امتزاج کے تحت قومی پرچم اور قومی گیت کو یکجا کیا۔ اس سال کی مہم کی خاصیت لوگوں کا اِس

میں نت نئے طریقوں سے شامل ہونا تھا۔ ریاستوں اور مرکز کے زیرِ انتظام علاقوں میں ترنگا یاتراؤں، سائکل اور موٹر سائکل ریلیوں، ثقافتی جلوسوں، اسکول اور کالج پروگراموں اور برادریوں کے جشن میں ہر گھر ترنگا کا جذبہ صاف نظر آرہا تھا۔ اسکولوں اور کالجوں نے قومی پرچم اور وندے ماترم کے بارے میں جاننے کیلئے نوجوان لوگوں کی حوصلہ افزائی کی۔ اس مہم کا ہر سال لوگوں کو ترنگے سے جوڑنے کے نئے طریقے لاتا ہے اور سال 2026 میں بھی اس مہم کو منانے کا دائرہ کافی زیادہ رہا۔

دلّی سے امن یادو کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں اصغر علی

## Meity Approvals

حکومت نے سات ہزار 877 کروڑ روپے کی تخمینہ جاتی سرمایہ کاری والی الیکٹرانکس کل پرزوں کی مینوفیکچرنگ اسکیم، ECMS کے تحت 31 مزید درخواستوں کو منظوری دی ہے۔ اِن منظوریوں سے ساڑھے نو ہزار سے زیادہ روزگار کے مواقع پیدا ہونے کی امید ہے۔ یہ درخواستیں 10 ریاستوں سے موصول ہوئی ہیں، جن میں تمل ناڈو سے سات اور مہاراشٹر اور ہریانہ سے چھ - چھ درخواستیں شامل ہیں۔ الیکٹرانکس اور انفارمیشن ٹیکنالوجی کے مرکزی وزیر اشونی ویشنو نے نئی دلّی میں ایک تقریب کے دوران اِن درخواست گزاروں کو منظوری نامے سونپے۔ یہ درخواستیں Acetylene Black، اسپیکرس اور مائیکرو فون، آپٹیکل Transceivers،Capacitors اور Coils جیسی مصنوعات کی مینوفیکچرنگ سے تعلق رکھتی ہیں۔

تقریب سے خطاب کرتے ہوئے، جناب ویشنو نے کہا کہ اِن 31 منظوریوں کے ساتھ ہی اِس اسکیم کے تحت کمپنیوں کی منظور کی گئی درخواستوں کی مجموعی تعداد 106 ہوگئی ہے۔ جناب ویشنو نے بتایا کہ حکومت نے 59 ہزار کروڑ روپے کی سرمایہ کاری راغب کرنے کا ہدف مقرر کیا تھا لیکن اب حکومت اپنے ہدف سے آگے بڑھ گئی ہے اور 69 ہزار کروڑ روپے کی سرمایہ کاری حاصل کرچکی ہے۔x

**S/B Ashwini Vaishnow**

## Joshi NTA Meeting

وزیر تعلیم جناب پرہلاد جوشی نے آج نئی دلی میں اعلیٰ تعلیم کے محکمے کے سیکریٹری، امتحانات سے متعلق قومی ایجنسی NTA اور دیگر اعلیٰ عہدیداروں کے ساتھ ایک میٹنگ کی۔ وزیر موصوف نے امتحانات سے متعلق ضابطوں پر سختی سے عمل آوری کیے جانے کی ہدایت دی۔ انہوں نے رازدارانہ عملی سرگرمیوں، الگ تھلگ کمروں Air Gapped Systems یعنی باہری نیٹ ورک سے منقطع نظام، device جمع کروانے جیسے ضابطوں پر جنگی پیمانے پر عمل کیے جانے کی تلقین کی۔ NTA سے کہا گیا ہے کہ وہ سبھی امتحانات کے عمل کی تفصیلی جانچ کرے اور اسے درست کرنے کیلئے کیے گئے متعلقہ اقدام کے بارے میں رپورٹ داخل کرے۔x

## BJP Office Bearers

BJP کے قومی صدر نتن نبین نے آج پارٹی کے قومی عہدیداروں کی نئی ٹیم کا اعلان کیا۔ جناب نبین نے 13 قومی نائب صدور کا تقرر کیا ہے جن میں وسندھرا راجے سندھیا، تیرتھ سنگھ راوت، رام ماودھ، بیجینت جے پانڈا، سردار من پریت سنگھ بادل اور ریکھا ورما شامل ہیں جبکہ جناب پیوش گوئل کو پارٹی کا قومی خزانچی مقرر کیا گیا ہے نیز BL سنتوش کو تنظیمی قومی جنرل سکریٹری کی ذمہ داری دی گئی ہے۔جناب نبین نے ونود تاوڑے، سنیل بنسل، سمرتی ایرانی اور بپلیب کمار دیب سمیت پارٹی کے 8 لیڈروں کو قومی جنرل سکریٹری کے طور پر مقرر کیا ہے۔پارٹی نے مختلف مورچوں کیلئے بھی نئے سربراہوں کے ناموں کا اعلان کیا ہے۔ ان میں ڈاکٹر ہیمنگ جوشی کو بطور یووا مورچہ صدر، روپ کمار چودھری کو مہیلا مورچہ صدر اور بنسی لال گجر کو کسان مورچہ کا صدر کے طور پر تقرر کیا گیا ہے۔ BJP کے سینئر لیڈر اور وزیر اعظم نریندر مودی نے پارٹی کے عہدیداروں کی نئی ٹیم کو مبارکباد دی۔x

## SC Foreigners Bail

سپریم کورٹ نے منشیات اور نفسیات پر اثر انداز ہونے والے مادّوں کی روک تھام سے متعلق Narcotic Drugs and Psychotropic Substances ایکٹ کے تحت درج مقدمات میں ملوث غیر ملکی شہریوں کیلئے ضمانت کی شرائط سخت کردی ہیں۔ یہ فیصلہ فرضی ضمانت کے خدشات کے مدنظر کیا گیا ہے۔ اس سلسلے میں متعدد ہدایات جاری کرتے ہوئے جسٹس سنجے Karol اور Augustine George Masih پر مشتمل بینچ نے کہا کہ ضمانت پر رہا ہونے والے غیر ملکی شہریوں کو اپنے پاسپورٹ متعلقہ عدالت میں جمع کرانے ہوں گے اور اُنھیں پیشگی اجازت کے بغیر بھارت سے باہر سفر کرنے کے مجاز نہیں ہوں گے۔ عدالت نے مزید کہا کہ ایسے ملزمان کو رہائی کے ایک ہفتے کے اندر غیر ملکیوں کے اندراج کے علاقائی دفتر FRRO میں اپنا اندراج کرانا ہوگا۔ عدالت نے ہدایت دی کہ عام طور پر ملزم کو ضمانتی مچلکے کی رقم کے مساوی دو ضمانتیں بھی جمع کرنی ہوں گی۔ اس کے علاوہ اگر تفتیش کے دوران ملزم کے بھارت میں رہائشی پتے اور رابطے کی معلومات کی تصدیق ہوچکی ہو تب بھی ضمانت کے حکم کے تین دن کے اندر اِن معلومات کی دوبارہ بذاتِ خود پیش ہونے پر تصدیق کی جائے گی۔x

## J&K Operation

جموں وکشمیر میں دو نامعلوم افراد کی مشتبہ نقل وحرکت کے بارے میں خفیہ معلومات ملنے کے بعد سکیورٹی فورسز نے اودھم پور کے جنگلاتی علاقے رام نگر میں ناکہ بندی اور تلاشی کی وسیع مشترکہ کارروائی کی۔ جموں کے ہمارے نامہ نگار کے مطابق جموں وکشمیر پولیس کے خصوصی کارروائی گروپ SOG، فوج اور دیگر سکیورٹی ایجنسیوں پر مشتمل ایک مشترکہ ٹیم نے Jophar علاقے کی ناکہ بندی کی اور مشتبہ افراد کا پتہ لگانے کیلئے تلاشی کی کارروائی کی۔اعلیٰ عہدیداروں کی موجودگی میں یہ کارروائی انجام دی جارہی ہے۔ کارروائی میں گاڑیوں کی Checking بھی کی جارہی ہے۔ علاقے میں کئی مقامات پر یہ کارروائی جاری ہے۔انتظامیہ نے مقامی لوگوں سے سکیورٹی فورسز کے ساتھ تعاون کرنے کی اپیل کی ہے۔اودھم پور ضلع میں بھی سکیورٹی فورسز چوکسی برت رہی ہیں اور امن اور سلامتی کو لاحق کسی بھی خطرے سے نمٹنے کیلئے پوری طرح تیار ہیں۔x

## SEBIs New Closhing Session

سیکیورٹیز اور ایکسچینج بورڈ آف انڈیا کے چیئرمین تُوہین کانتا پانڈے نے کہا ہے کہ تین اگست سے شروع کیا گیا نیا Closing Auction Session جاری رکھا جائے گا۔ نیشنل انسٹی ٹیوٹ آف سیکیورٹیز مارکٹ کے ساتھ رپورٹنگ پلیٹ فارم کے افتتاح کے موقع پر بات کرتے ہوئے جناب پانڈے نے کہا کہ بورڈ، ادارے کی جانب سے موصول ہونے والے تجاویز پر غور کرے گا اور ضرورت کے مطابق تبدیلی بھی لائے گا۔ Closing Auction Session، SEBI کی جانب سے متعارف کرایا گیا تین بجکر پندرہ منٹ سے تین بجکر 35منٹ تک، 20منٹ کا نیلامی سیشن ہے۔ اس کا مقصد F&O سیکشن میں شامل اسٹاکس کی سرکاری اختتامی قیمت طے کرنا ہے، جس کیلئے آرڈر جمع کیے جاتے ہیں اور انہیں ایک واحد متوازن قیمت پر میچ کیا جاتا ہے۔x

## India Post Qatar

اب قطر سے بھارت رقم کی منتقلی کیلئے UPI سے منسلک Pos Tranfer سروس دستیاب ہے۔ اس سروس کے تحت قطر میں موجود صارفین قطر Post کے مراکز کے ذریعے براہِ راست بھارت میں UPI سے منسلک بینک اکاؤنٹ میں رقم منتقل کرسکتے ہیں۔ مواصلات کی وزارت کے مطابق یہ سروس رقوم کی بین الاقوامی منتقلی کیلئے ایک تیز، محفوظ، آسان اور قابل رسائی ذریعہ فراہم کرتی ہے۔ جسے خاص طور پر قطر میں مقیم بڑی تعداد میں بھارتی برادری اور بھارت میں موجود اُن کے اہل خانہ کو فائدہ پہنچے گا۔ یہ اقدام ڈاک کے نظام کی وسیع رسائی کو بھارت کے ڈیجیٹل عوامی بنیادی ڈھانچے کے ساتھ جوڑتا ہے تاکہ سرحد پار رقوم کی منتقلی کا ایک موثر اور آسان وسیلہ فراہم کیا جاسکے۔x

## Odisha Flood

شمالی اڈیشہ میں سیلاب کی صورتحال بدستور سنگین ہے، جہاں چھ ضلع اور 126 گاؤں، ندیوں کی بڑھتی سطح آب اور لگاتار بارش کی وجہ سے متاثر ہیں۔ تقریباً 8لاکھ افراد متاثر ہیں، جبکہ 42ہزار ہیکٹیئر رقبے کی زرعی زمین کو نقصان پہنچا ہے، جس سے سیلاب سے متاثرہ افراد کی مشکلیں مزید بڑھ گئی ہیں۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے ...

**VC - Prakash Dash - Odisha Flood**

اڈیشہ کے چھ ضلعے، کوئن جھار، بھدرک، بالاسور، میوربھنج، جاج پور اور کیندر پاڑا میں سیلاب سے شدید نقصان پہنچا ہے اور ایک ہزار 304 گاؤوں کے تقریباً 8 لاکھ افراد متاثر ہوئے ہیں۔ بیتارانی، برہمنی اور سالندی ندیاں خطرے کے نشان سے اوپر بہہ رہی ہیں۔ سیلاب سے متاثرہ علاقوں میں لوگ خوراک، پینے کے پانی اور بجلی کی شدید قلت کا سامنا کررہے ہیں۔ وہیں ناکافی قیام گاہوں کا مسئلہ بھی شدت اختیار کرگیا ہے۔ مگرمچھ، سانپوں اور دیگر زہریلے جانوروں کے خطرے نے پریشانیوں میں مزید اضافہ کردیا ہے۔ اڈیشہ کے وزیرِ اعلیٰ موہن چرن ماجھی

نے بھدرک اور جاج پور ضلعوں کا ہوائی سروے کیا اور راحت اور بچاؤ کارروائیوں کا جائزہ لیا۔ آبی وسائل کے محکمے نے کہا ہے کہ موجودہ صورتحال اگلے چار سے پانچ دن تک جاری رہ سکتی ہے۔ وہیں مزید بارش کی وجہ سے چیلنجوں میں اضافے کا خدشہ ہے۔

بھوبنیشور سے پرکاش داش کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں توحید حقانی

## IMD

بھارتی محکمہ موسمیات نے جھارکھنڈ میں کل شدید سے انتہائی شدید بارش کیلئے ریڈ الرٹ جاری کیا ہے۔ محکمہ نے بہار، چھتیس گڑھ، مشرقی مدھیہ پردیش، ہماچل پردیش، اڈیشہ اور مغربی اترپردیش میں بھی شدید سے بہت شدید بارش کی پیش گوئی کی ہے۔ محکمہ موسمیات کے مطابق جموں وکشمیر، لداخ، اتراکھنڈ، پنجاب، چنڈی گڑھ، ہریانہ، دلی مشرقی اترپردیش، مغربی بنگال، سکّم، شمال مشرقی ریاستیں، کرائیکل، پڈوچیری، تمل ناڈو، کیرالم اور ماہے میں بھی جمعرات تک شدید بارش کی پیش گوئی کی ہے۔ محکمہ نے گجرات، آندھرا پردیش، تلنگانہ، کرناٹک اور انڈمان اور نکوبار جزیرے میں بھی گرج چمک کے ساتھ بجلی گرنے اور تیز ہوائیں چلنے کی پیش گوئی کی ہے۔×

## Test Cricket IND vs SL

مردوں کی کرکٹ میں GALLE میں کھیلے جا رہے پہلے ٹیسٹ میں بھارتی گیند بازوں نے تیسرے دن کا کھیل ختم ہونے تک میزبا سری لنکا کو پہلی اننگز میں 284رن پر آؤٹ کر دیا۔ اس طرح بھارت نے 178رن کی سبقت حاصل کرلی ہے۔ بھارت کی جانب سے سب سے زیادہ چار وکٹیں Manav Suthar نے لی، جبکہ رویندر جڈیجہ نے تین وکٹ لئے۔ ٹیسٹ کرکٹ کی تاریخ میں جڈیجہ ایسے چوتھے کھلاڑی بن گئے ہیں، جنہوں نے 350وکٹیں لی ہیں اور چار ہزار رن بنائے ہیں۔ اس سے پہلے اپنی پہلی اننگز میں بھارت کے سبھی کھلاڑی 462 رن پر آؤٹ ہو گئے اور کل کے 9وکٹ پر 460رن کے اسکور میں صرف دو رن کا ہی اضافہ کر سکی۔ ٹیسٹ سیریز کا دوسرا اور آخری میچ کولمبو میں اس ماہ کی 23 تاریخ سے کھیلا جائے گا۔×

## REV BWF WC

سابق عالمی چیمپئن پی وی سندھو نے آج کہا کہ کورٹ کی حالت بہت بہتر ہے، جس سے انہیں اپنے کھیل کو اچھی طرح ترتیب دینے میں مدد ملی ہے۔ آئرلینڈ کی اپنی حریف کھلاڑی Sophie Noble پر جیت حاصل کرنے کے بعد میڈیا والوں سے بات کرتے ہوئے انہوں نے کہا انہیں خوشی ہے کہ انہوں نے کورٹ کے حالت کے مطابق خود کو ڈھالا اور اپنی گرفت مضبوط رکھی۔ پانچ مرتبہ کی عالمی تمغہ یافتہ کھلاڑی نے شائقین کی جانب سے ملنے والی حمایت اور حوصلہ افزائی پر خوشی کا اظہار کیا۔×

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆